

ہرحال میں اتباع شریعت کا جذبہ قربانی کی اصل روح

مسجد عالیہ گن فاؤنڈری میں شریعت انفارمیشن سرویس سے ڈاکٹرمفتی تنظیم عالم قاسمی کا خطاب

حیدرآباد، 12رجون۔(ایس این بی)''قربانی کے وقت ہرشخص اپنی زبان سے دعا پڑھتے ہوئے یہ عہد کرتا ہے کہ میرا جینا اور مرنا اللہ کے لئے ہے، یہ عہد ہی دراصل قربانی کا مقصد اوراس کا حقیقی پیغام ہے یعنی ایک قربانی کرنے والے کی زبان سے یہ عہد کرایا جاتا ہے کہ میں ساری زندگی شریعت کے مطابق گذاروں گا، اپنی خواہشات، اپنے ارمان اورتمناؤں کو اسلامی احکام پر قربان کردوں گا، ہرحال میں دین میری زندگی میں غالب رہے گا۔ ہرصبح، ہرشام، ہرلحہ یہ دیکھیں گے کہ میرے خدا کی رضا کس میں ہے اوروہ مجھ سے کیا چاہتا ہے اگر دین کا کوئی حکم میری خواہش سے ٹکراتا ہوگا تو ہرحال میں دین کوفوقیت دیں گے'' ...... ان خیالات کا اظہار معروف عالم دین ڈاکٹر مفتی تنظیم عالم قاسمی استاذ حدیث دارالعلوم سبیل السلام حیدرآباد نے مسجد عالیہ گن فاؤنڈری میں شریعت انفارمیشن سرویس کی 941 ویں نشست سے ''قربانی کا مقصد اور پیغام'' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ تسلیم ورضا سیرت ابراہیمی کا پیغام ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ہرموقع پر سرِتسلیم خم کردیا، جب کافی دعاؤں کے بعد حضرت اسماعیلؑ پیدا ہوئے تو شیرخوارگی کے وقت ہی انہیں ان کی والدہ ماجدہ حضرت ہاجرہؑ کے ساتھ میدان صحراء میں چھوڑ آنے کی ہدایت دی ،خوش دلی سے انہوں نے اس کی تکمیل فرمائی، جب حضرت اسماعیلؑ چلنے پھرنے کے قابل ہوئے اوراپنے والد کے کام میں ہاتھ بٹانے اور ان کے سہارا بننے کے لائق ہوئے توانہیں اللہ تعالی نے اپنی راہ میں ذبح کرنے کا حکم دیا، اس پر بھی وہ راضی ہوگئے اور چھری اپنے اکلوتے لخت جگر کے حلق پر چلادی، قدرت کا مقصد ان کی جان لینا نہیں تھا بلکہ ان کے عشق ومحبت کا امتحان لینا مقصود تھا، اس جاں گسل امتحان میں بھی وہ کامیاب ہوگئے جس کی یاد میں صاحب حیثیت پر ہرسال قربانی واجب کردی گئی ہے، جیسے بھی حالات پیدا ہوئے حضرت ابراہیمؑ نے شکوہ کرنے کے بجائے ہرموقع پر خندہ پیشانی سے اسے قبول کیا آج قربانی کرنے والوں کی ذمہ داری ہے کہ قربانی کرتے ہوئے اپنے اندر تسلیم ورضا کی یہ کیفیت پیدا کریں، اس کے بغیر قربانی محض ایک رسم تو ہوسکتی ہے مگرقربانی کی اصل روح کو ہرگز حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جانور کو قربان کرنا درحقیقت اس قربانی کا مظاہرہ اور ایک نمونہ ہے جو اللہ تعالی کو اپنے بندوں سے مقصود اور مطلوب ہے ،جیسے انسان میں انانیت پیدا ہوتی ہے اوراس کی وجہ سے غروراور تکبرکا وہ شکار ہوکر دوسروں کوحقیر سمجھنے لگتا ہے اور بہت سے مفاسد پیدا ہوتے ہیں، مسلمانوں کو چاہئے کہ اپنی اس انانیت پر چھری چلادیں اوراپنے اندر عجز وانکساری پیدا کریں، عاجزی سے انسان بڑا ہوتا ہے اور کامیابی کی طرف سفر کرتا ہے، اس سے کوئی چھوٹا نہیں ہوتا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آج کتنے ایسے لوگ ہیں جن کی سالہا سال سے اپنے خاندان اوراعزہ واقارب سے بات چیت بند ہے بلکہ اپنے سگے بھائی اورسگی بہن سے تعلقات خراب ہوتے ہیں ان سے بات چیت نہیں ہوتی اور دل نہیں چاہتا کہ ان سے تعلقات استوار کئے جائیں اب اس وقت دل کو سمجھانا اور قلبی خواہشات کو کچلتے ہوئے شریعت کے حکم کے مطابق بات چیت کے لئے آگے بڑھنا ہی اصل قربانی اوراس کے پیغام پر عمل کرنا ہے۔ اس طرح جتنے بھی گناہ اور نافرمانی کے کام ہیں ان کو ترک کرنے کا عزم کرنا دین کے لئے جینا اور مرنا ہے۔

مسجد عبدالرزاق کاروان کی توسیع میں تعاون کی اپیل

حیدرآباد،12رجون۔(راست) مسجد عبدالرزاق کاروان میں مصلیوں کو جگہ کی کمی کی وجہ سے مسجد کی توسیع کا کام شروع کردیا گیا ہے اس سلسلہ میں اہل خیر حضرات سے مالی تعاون وتعمیری اشیاء کی اپیل ہے۔ مزید معلومات 9247158352، 9394507651 پر حاصل کریں۔

صفابیت المال انڈیا کے زیراہتمام منظم انداز میں
علماء کی نگرانی میں مشترکہ قربانی اور دیہاتوں میں گوشت کی تقسیم
فی حصہ -/3500₹ | فی جانور -/24,500₹
فی بکرا -/10000₹
ہندوستان کی متعدد ریاستوں کے تقریباً 500 دیہاتوں میں قربانی کے گوشت کی تقسیم کا اہتمام
نوٹ: صرف ایسے حصے لئے جاتے ہیں جن کا گوشت مستحق غریبوں میں تقسیم ہوگا
24/7 ربط کریں نمائندے آپ کے گھر پہنچ کر بکنگ حاصل کرلیں گے
939 44 19821 / 814 22 11111
آن لائن بکنگ کے لئے IQR CODE اسکیان کریں اور پیمنٹ کے بعد اس نمبر پر اطلاع دیں
BHIM | UPI
paytm amazon
Scan & Pay with any App
sbmtrust@kotak
9394419816
www.safabaitulmaal.org
SBM
SAFA BAITUL MAAL
SAFA BAITUL MAAL RELIGIOUS & WELFARE TRUST
Account No. 9512124617, IFSC CODE : KKBK0007446
BANK : KOTAK MAHINDRA BANK, MALAKPET BRANCH
Address: Beside, Masjid-E-Alfalah, Wahid Nagar Old Malakpet, Hyderabad

حضرت حاجرہؑ ایک مضبوط کرداراور توکل علی اللہ کی حامل

انجمن خادم المسلمین کاچی گوڑہ میں جلسہ 'حضرت ہاجرہؑ کا توکل'، ڈاکٹر سید حبیب امام قادری کا خطاب

حیدرآباد، 12رجون (راست) حضرت ہاجرہ علیہ السلام کے اس قصے پر اوران کے اپنے رب پر پختہ اعتماد ویقین پر ذرا غور کیجئے کہ ایسی وحشت ناک جگہ جہاں کھانے پینے کے علاوہ کسی انسان تک کا وجو دنہیں وہاں اس کے دل میں ذرابرابر بھی خوف سرایت نہیں کرسکا، اگر آپ اس کا تقابل آج کے زمانے کے ساتھ کیجئے جب ہمارے اردگرد سب کچھ موجود مہیا ہوتا ہے تعجب کی بات ہے کہ پھربھی ہمیں اپنے رزق ، اولاد ، بیماری ،آئندہ آنے والے مجہول کل ور مستقبل سے متعلق اضطراف اور ڈر لاحق رہتا ہے جس کا سب اللہ تعالیٰ پر یقین اور توکل میں کمی اور کمزوری ہے۔ ان خیالات کا اظہار انجمن خادم المسلمین کاچی گوڑہ میں ''حضرت ہاجرہؑ کا توکل'' کے عنوان سے ہفتہ واری اصلاحی بیان ومجلس ذکر سے کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت ہاجرہؑ کو اللہ تعالیٰ نیا پنے اکلوتے بیٹے کو دوبار آزمایا۔ پہلی بار جب وہ بھوک اور پیاس سے مرنے کے قریب تھا جب ابراہیمؑ نے انہیں چھوڑ دیا ، اور دوسرا حضرت ابراہیمؑ اپنے بیٹے اسماعیل کو اللہ کے حکم کو تعمیل میں قربان کرنے کیلئے لے گئے اور ہر بار ہاجرہ ابراہیمؑ سے صرف ایک سوال کرتی تھیں: کیا یہ خدا کا حکم ہے؟ ان کا جواب ہاں میں کافی تھا کہ رضامندی سے اس بات کو قبول کرلیا جائے ،ایمان کی تسکین اس کے دل میں چھلک رہی ہے اوراس کے اپنے رب پر بھروسہ نے اسے خوف وہراس سے بچالیا۔ خدا پر ان کا ایمان ایک لمحے کیلئے بھی نہیں ڈگمگایا اوراس پر اس کا بھروسہ بے عیب تھا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ نے ہاجرہ کو دومرتبہ عزت دی، ایک باران کے نئے وطن میں جگہ کی مالک بنا کر، اور دوسری مرتبہ صفااور مروہ کے درمیان اس کی تلاش (سعی) کوحج اور عمرہ کا رکن بنا کر جس میں سے کوئی بھی اس کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ ان کی تلاش (سعی) اسلام میں حج کے ارکان میں سے ایک بن گئی ہے۔ انہوں نے خدا پر بھروسہ رکھا، جب آقا ابراہیمؑ نے انہیں اپنے بیٹے کے ساتھ بغیر کھانے اور پانی کے صحرا میں چھوڑ دیا۔ آج کی خواتین کو سیرت ہاجرہؑ سے سبق لینے کی ضرورت ہے۔ حضرت ہاجرہؑ ایک مضبوط کرداراور توکل علی اللہ کی حامل خاتون اور مسلم معاشرے کی تشکیل کا ایک اہم ستون تھی۔ ڈاکٹر سید حبیب امام قادری نے کا کہ آج کے مسلمان خواتین کو زور دیتے ہوئے کہا کہ ابراہیمؑ نے اپنی بیوی اورفرزند ارجمند اسماعیلؑ سے بھی مکالمہ کرکے ہمیں یہ سبق دیا ہے کہ باہم بات چیت اور گفتگو ہی زندگی گزارنے کا منہج اور دستور ہے، یہ ایک تازہ غذا ہے جو میاں بیوی کے باہمی تعلق کو مضبوط کرتی ہے والدین اور اولاد کے درمیان تعلق کی بنیاداور اساس ہے، سنجیدہ، باوقار، اورنرم گفتگو کے فقدان کی وجہ سے تکلیف دہ صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے، اولاد میں سرکشی، پیدا ہوئی ہے ،طلاق وخلع کی شرح میں اضافہ ہوا ہے، شاید یہ صورت حال ہی اہل حل وعقد کو اس بات پر آمادہ کرے کہ وہ میدان میں اتریں اور خاندانی خلفشار کے اثرات سے سماج ومعاشرے ،قوم وملت اور وطن کو بچانے کیلئے مہارا پنے ہاتھوں میں سنبھالیں۔

جدید تعمیر نو مسجد صدیقی مرادنگر کنٹہ کی اپیل

حیدرآباد، 12رجون (راست) جدید تعمیر نو مسجد صدیقی مرادنگر کنٹہ میں مسجد کے تعمیری کاموں میں مالی تعاون کی اپیل کی ہے۔ اس سلسلہ میں مزید معلومات 9885124763 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

جلسہ یادحضرت ابراہیم خلیلؑ اللہ برائے خواتین

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) جامعۃ المؤمنات مغلپورہ حیدرآباد میں 14رجون بروز جمعہ، صبح 9ربجے ،جلسہ یاد ابراہیمؑ برائے خواتین ڈاکٹر مفتیہ حافظہ رضوانہ زرین پرنسپل وشیخ الحدیث جامعۃ المؤمنات کی صدارت میں مقرر ہے۔ جلسہ کا آغاز مفتیہ حافظہ رمیصاء افشین کی قرأت ،ڈاکٹر مفتیہ تہمینہ تحسین کی نعت شریف سے ہوگا۔ اس جلسہ میں ڈاکٹر مفتیہ ناظمہ عزیز مؤمناتی شیخ الفقہ ، ڈاکٹر مفتیہ نسرین افتخار مؤمناتی شیخ التفسیر ،ڈاکٹر مفتیہ سیدہ عشرت بیگم شیخ المعقولات ، ڈاکٹر مفتیہ سیدہ عاتکہ طیبہ مؤمناتی شیخ التفسیر ، مفتیہ صدیقہ فاطمہ شرکت و مخاطب کریں گے۔ خواتین وطالبات سے شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

ماہانہ مجلس

حیدرآباد،12رجون۔(راست) بزم سیرت و سنت النبویؐ شریف کے زیراہتمام ماہانہ مجلس 16رجون ،بروزاتوار بعدنماز فجر ،بمقام خانقاہ مدینۃ الاولیاء سراج الصالحین ،بنڈلہ گوڑہ ،عقب آرٹی او آفس ،نزد جامع مسجد ذاکرحسین طاہر منعقد ہوگی۔ ماہانہ مجلس کی نگرانی متولی وجانشین قاضی سراج الدین مدنی سہروردی کریں گے۔ عامتہ المسلمین سے شرکت کی گذارش کی جاتی ہے۔

سنی مرکز میں ہفتہ واری مرکزی اجتماع

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) مجلس مشاورت کے اطلاع کے مطابق تحریک اسلامی کے زیر اہتمام عظیم الشان ہفتہ واری مرکزی اجتماع بتاریخ 13رجون بروز جمعرات بعدنماز عشاء 9تا11 بجے شب سنی مرکزمسجد گل بانو ناملی میں منعقد ہوگا، اس اجتماع کا مبلغین تحریک اسلامی کی قرأت کلام پاک ونعت رسولؐ سے آغاز ہوگا۔ امیرتحریک اسلامی مولانا مفتی محمد آصف بلال قادری کامل جامعہ نظامیہ کا ''ایثارقربانی'' پرخصوصی خطاب ہوگا بعد ازاں ذکر جہری و رقت انگیز دعا ہوگی ،بارگاہ خیرالانامؐ میں نذرانہ سلام پیش کیا جائیگا۔ اس کے علاوہ حلقے لگائے جائینگے۔ حلقوں میں مبلغین تحریک اسلامی کونینؐ ومختلف دعائیں یاد کروائنگے۔ اسکے بعد قیام الیل ہوگا شرکائے اجتماع رات اعتکاف کی نیت سے سنی مرکز میں قیام کرینگے اور رات کے آخری حصے میں نماز تہجد ادا کی جائیگی۔ اذان فجر کے بعد علاقے میں صدائے فجر لگائی جائیگی۔ نماز کے بعد مختصر بیان ہوگا اور اجتماع کے اختتام پر تحریک اسلامی کا دینی تربیتی قافلہ 3 دن کے سفر کریگا۔ اس اجتماع کے صدر استقبالیہ محمد جاوید رضا قادری ہونگے۔ فرزندان اسلام سے معہ دوست احباب کے کثیر تعداد میں شرکت اورتربیتی قافلے میں سفر کی خواہش کی جاتی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے اس نمبر 9885112563 پر ربط فرمائیں۔

ہفتہ واری محفل حلقہ ذکراللہ

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) محمد عبدالرزاق شاہ قادری جنیدی کے اطلاع کی بموجب ہفتہ واری محفل حلقہ ذکراللہ بارگاہ حضرت الحاج حافظ سید عبداللہ شاہ ولی قادری قبلہؒ 13رجون بروز جمعرات بوقت بعد نماز عشاء بمقام آستانہ عالیہ قادریہ حق چمن شاہ علی بنڈہ ہری باؤلی موڑ میں زیرنگرانی حضرت مولانا محمد اللہ شاہ قادری سرخیل آغا سجادہ نشین ومتولی منعقد ہوگی۔ پروگرام کے مطابق بعدعشاء محفل درود شریف ونعت ومنقبت بعد ازاں اس محفل سے حضرت مولانا حافظ محمد عزت اللہ شاہ قادری سہیل پاشاہ خطاب کرینگے۔ ذکر جہری دعا وسلام پر محفل کا اختتام عمل میں آئیگا۔ میراں محی الدین شاہ قادری شاذلی بابا نے محبان اولیاء سے شرکت کی خواہش کی ہے۔

اخلاق، وکردار وصلوٰۃ کا پراکٹیکل نصاب برائے تقسیم

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) مولانا عبدالرزاق قاسمی کی اطلاع کے بموجب والدین، بچوں ،طلبہ، نوجوانوں کو عملی تربیت، اخلاق وآدابِ زندگی، صلوٰۃ ،ٹرافک رولس معہ تصاویر، ماں کی گود بچوں کی پہلی درسگاہ، رسولؐ کیسے تھے نصاب اسکولس، مدارس مساجد، صباحی مساحی وعربی ٹیوشن کیلئے مفت تقسیم ہے۔ واٹس ایپ نمبر 9396420658 سے حاصل کریں یا ادارہ اصلاح معاشرہ کتب خانہ ،خضراء کالونی ،الکاپور، حیدرآباد پر ربطہ پیدا کریں۔

محفل نعت شہ کونینؐ

حیدرآباد، 12رجون (راست) ماہانہ فاتحہ حضرت ابوالبرکات سید خلیل اللہ شاہ نقشبندیؒ 8رذی الحجہ کو قیام گاہ محمد غوث نقشبندی واقع بیرون غازی بنڈہ میں مقرر ہے، بعدعشاء جس میں محفل نعت پاک ہوگی۔ افطار کا اہتمام رہیگا، داعی مجلس غوث نے نعت خواں حضرات و اہل ذوق اصحاب سے پابندی وقت شرکت کی اپیل کی ہے۔ مزید معلومات 9866567097 پر حاصل کی جاسکتی ہے۔

عرس شریف حضرت سجاد علی صوفیؒ

حیدرآباد، 12رجون (راست) عرس شریف ابوالفیض حضرت مولانا سید شاہ سجادعلی صوفی قادری حسنی حسینیؒ بتاریخ 6رذی الحجہ بمطابق 13رجون بروز جمعرات بمقام درگاہ شریف حضرت صوفی اعظمؒ واقع بیرون دریچہ بواہیر حسینی علم منایا جارہا ہے بعدنماز عصر ختم قرآن مجید ہوگی بعدنماز مغرب سجادہ نشین سراج الصوفیہ حضرت مولانا سید شاہ ظہیرالدین علی صوفی قادری مدظلہ صندلی مالی کی رسم انجام دینگے۔ آپ تمام حضرات سے معہ دوست احباب شرکت کی خواہش کیجاتی ہے۔ نماز عصرٹھیک 5:30 بجے ہوگی۔

آج ذکر ودرود شریف کی محفل

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) بروز جمعرات 9 بجے شب خانقاہ ابوالعلائیہ نزدیک چوراہا مصری گنج، ہفتہ واری محفل ذکر و درود شریف مقرر ہے۔ حضرت مولانا صوفی شاہ محمد زبیر چشتی ابوالعلائی سرپرستی کریں گے۔ تمام مریدین ومعتقدین سے شرکت کی گزارش کی جاتی ہے۔

ماہانہ مجلس حلقہ ذکر

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) محمد سلیم قادری ظہیر آبادی نے اطلاع دی ہے کہ ماہانہ مجلس حلقہ ذکر 18رجون کو 11 بجے دن آستانہ قادریہ بگدل شریف ضلع بیدر میں حضرت شاہ ڈاکٹر محمد ادریس احمد شاہ قادری کے زیرنگرانی مقرر ہے۔ عقیدتمندوں سے شرکت کی خواہش کی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے فون نمبر 9392217244 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

آج چھٹی شریف

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) سید شہباز علی قادری نے اطلاع دی ہے کہ ماہانہ مجلس چھٹی شریف خواجہ غریب نوازؒ 13رجون کو قیام گاہ خواجہ شاہ محمد سلیم قریشی قادری افتخاری واقع مسجد انبیا غازی ملت کالونی فلک نماء میں مقرر ہے جس میں بعد نماز مغرب ختم خواجگان ونعت پاک ہوگی۔

آج ماہانہ فاتحہ خواجہ میاں مجذوبؒ

حیدرآباد، 12رجون (راست) ماہانہ فاتحہ حضرت خواجہ میاں مجذوبؒ واقع زیبا باغ آصف نگر میں 13رجون کو بعد نماز فجر مقرر ہے جس میں ختم شریف، تبدیلی غلاف مبارک چادر گل وسلام ودعا ہوگی جملہ مراسم خواجہ شاہ عثمان علی امتیاز قادری القدیری سجادہ نشین انجام دیں گے۔

شعبۂ تعلیم نسواں کی اسکالر سیدہ سارہ سلطانہ کو پی ایچ ڈی

حیدرآباد، 12رجون (پریس نوٹ) شعبۂ امتحانات، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے جاری کردہ اعلامیہ کے بموجب شعبۂ تعلیمات نسواں کی اسکالر سیدہ سارہ سلطانہ دختر جناب سید شریف الحسن کو پی ایچ ڈی کا اہل قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے ''خاتون سربراہ خاندان کے مسائل (حیدرآباد شہر میں مسلم خواتین کے حوالے سے ایک تانیثی تجزیہ)'' کے موضوع پر اپنی تحقیق مکمل کی۔ ان کی تحقیق کی نگراں صدر شعبۂ تعلیمات نسواں پروفیسر آمنہ تحسین تھیں۔ ان کا وائیوا 10رمئی 2024 کو منعقد ہوا۔

عثمانیہ دواخانہ میں دل کے مریضوں کیلئے خصوصی ایمبولنس

حیدرآباد، 12رجون۔(نیوز کلب) عثمانیہ جنرل ہاسپٹل نے ایڈوانسڈ کارڈیاک لائف سپورٹ ایمبولنس کا آغاز عمل میں لایا۔ جس کو مدھانی لمیٹیڈ نے کارپوریٹ ذمہ داری مساعی کے ایک حصہ کے طور پر بطور عطیہ دیا ہے۔ یہ ایمبولنس زندگی بچانے والے آلات جیسے آکسیجن، مصنوعی آلہ تنفس سے آراستہ رہے گی۔ ہنگامی ادویات بھی رہیں گی ، یہ ایمبولنس دل کے مریضوں کیلئے استعمال کی جائے گی۔

عرس حضرت زماں خانصاحب شہیدؒ

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) سید شاہ احمد علی تاجی شرفی القادری کی اطلاع کے بموجب 153 ویں عرس مبارک حضرت مولوی محمد زماں خانصاحب شہیدؒ کی تین روزہ تقاریب کا 13 تا 15رجون روپ لعل بازار شاہ علی بنڈہ میں مقرر ہے۔ 13 جون بروز جمعہ محفل چراغاں بعد نماز مغرب قصیدہ بردہ شریف ومحفل نعت ہو گی۔ 15رجون بروز ہفتہ بعد نماز فجر محفل قل شریف مقرر ہے ۔ عاشقان اولیاء کرام سے پابندی وقت شرکت کی خواہش کی جاتی ہے۔

عرسِ حضرت ابوالفداؒء، آج مدرسۂ حفاظ انجمن احیائے دین میں جلسۂ قرأت

حیدرآباد، 12رجون۔ (راست) خلیفہ خاص حضرت محدثِ دکنؒ ، پیرطریقت ، رہبرشریعت حضرت ابوالفداء پروفیسر ڈاکٹر محمد عبدالستار خان نقشبندی مجددی قادری علیہ الرحمہ (سابق صدر شعبہ عربی جامعہ عثمانیہ) کے بارہویں عرسِ شریف کے موقع پر تین روزہ تقاریب کا انعقاد عمل لایا جارہا ہے۔ جس کا دوسرا اجلاس آج بروزِ جمعرات 13رجون بعد نمازِ عشاء بمقام مدرسۂ حفاظ انجمن احیائے دین، نزدآم والی مسجد، قاضی پورہ، جلسۂ حسن قرأتِ کلام پاک مقرر ہے ۔ جس کی صدارت مولانا ڈاکٹر محمد مصطفیٰ شریف (سابق ڈائرکٹر دائرۃ المعارف عثمانیہ وڈین فیاکلٹی آف آرٹس وخلیفہ حضرتؒ) کریں۔ مولانا حافظ رضوان قریشی (خطیب مکہ مسجد) نگرانی کریں گے۔ مولانا سید متین علی شاہ قادری، مولانا اصغرشرفی ، مولانا ڈاکٹر ذبیح اللہ ، مولانا محمد علی صدیقی ، مہمانانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ اس جلسہ میں مدعو ومنتخب قراء کلام پاک کی تلاوت کریں گے۔ حافظ عبدالقدوس عدنان نظامت کے فرائض انجام دیں گے۔ جناب معین الدین عمر مکی اور جناب حافظ محمد مزمل شریف نے خواہشمند حضرات ، مریدین ومتوسلین و وابستگانِ سلسلۂ عالیہ نقشبندی مجددیہ و قادریہ سے بہ پابندیٔ وقت شرکت کی درخواست کی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے 7416387879 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

ڈاکٹر راہی کے انتقال پر اظہار تعزیت

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) والا جاہی خاندان سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹر راہی حیدرآباد کے ایک ممتاز شاعر، ادیب، ناقد، مبصر اور مشہور فزیشین تھے۔ انہوں نے بزم جوہر کا قیام عمل میں لاکر 65 برسوں سے زائد عرصہ تک ہر ماہ پابندی سے اس کے زیر اہتمام مذاکروں اور مشاعروں کا انعقاد عمل میں لاتے تھے۔ انہوں نے برادر معظم حضرت باقر منظور کو بزم جوہر کا پلا صدر بنایا تھا۔ حضرت باقر منظور نے اپنے مزاج کے برخلاف صدارت سے انکار کردیا تھا مگر ڈاکٹر راہی کے حد درجہ خلوص اور انکسار کے پیش نظر اس کو قبول فرمالیا تھا۔ ڈاکٹر راہی کے پہلے استاذ سخن بھی حضرت باقر منظور تھے۔ بعد ازاں انہوں نے خصرت نظیر علی عدیل سے اپنی شاعری پر اصلاح لی۔ ڈاکٹر راہی نے بزز جوہر کے قیام کے ذریعہ اس کے زیر اہتمام بے شمار ماہانہ مذاکروں اورطرحی مشاعروں کا انعقاد عمل میں لاکر نصف صدی سے زائد عرصہ تک اردو وادب کی بیش بہا خدمات انجام دی۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف تھے جن میں ان کے پانچ شعری مجموعے بھی شامل ہیں۔ ڈاکٹر راہی کے انتقال پر حضرت مقصود علی خان سحر (سرپرست تنظیم مہدویہ)، سید رضا منظور (صدر بزم علی منظور)، واحد نظام آبادی، سید علی دلاور، سید علی نصرت (امریکہ) سید محمد حاجی (آسٹریلیا) ، سید ابراہیم محمودی ، سید زین العابدین ، (سینئر کانگریس قائد) شیخ ابراہیم (شاہ علی بنڈہ) میرمحمود علی خان، سید علی ناصر، سید علی اکرم، سید علی ،عادل، سید علی عباس (آسٹریلیا) لیاقت علی (تنظیم ہم ہندوستانی ، جدہ) ڈاکٹر ناظم علی اور صاحبزادہ مجتبیٰ فہیم (مدیر شام رنگ وبو) نے اپنے گہرے دکھ اور غم کا اظہار کیا اور کہا کہ ڈاکٹر راہی واقعی ایک مجاہدار دو تھے۔

اکاؤنٹنگ پیاکیجس آٹو کیڈ اور کمپیوٹر کی مفت کوچنگ کلاسس

حیدرآباد، 12رجون۔(راست) طلبہ وطالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہوں اور انہیں ہنرمند وخود مکتفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورسس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ ، کمپیوٹر ہارڈویر، ڈی ٹی پی ، آٹوکیڈ ، ایم ای پی ،کمپیوٹر اکاؤنٹنگ پیاکیجس ، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری ، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے ۔ خواتین و طالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں ۔ ایس ایس سی، انٹر، ڈگری میں جو طلبہ ناکام ہوں اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے ون سٹنگ کی سہولت سے تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں ۔ مزید معلومات کیلئے 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

لاسیٹ اور پی جی ایل سیٹ نتائج کا آج اعلان

حیدرآباد، 12رجون۔(ایس این بی) تلنگانہ لاکامن انٹرنس ٹسٹ (لاسیٹ) اور پوسٹ گریجویٹ لاکامن انٹرنس ٹسٹ (پی جی ایل سیٹ) کے نتائج کا 13رجون کو 3:30 بجے سہ پہر اعلان کیا جائے گا۔ تلنگانہ کونسل برائے اعلیٰ تعلیم کے بموجب نتائج ویب سائیٹ https://law-cet.tsche.ac.in پر دستیاب رہیں گے۔ امیدواران کے ہال ٹکٹ نمبر اور تاریخ پیدائش کی انٹرنگ کرتے ہوئے اپنے نتائج تک رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ داخلوں کیلئے کونسلنگ کے عمل کا ہوسکتا ہے کہ جولائی کے دوسرے ہفتہ میں آغاز عمل میں آئے گا۔ شیڈول اور تفصیلات کو ویب سائیٹ سے ڈاون لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

سنگارینی کالریز میں ملازمت کیلئے حدعمر میں اضافہ

حیدرآباد، 12رجون۔(ایس این بی) چیف منسٹر اے ریونت ریڈی اورڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا کے تیقن کی تکمیل کرتے ہوئے سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹیڈ نے رعایتی بنیادوں پر تقررات کیلئے حدعمر میں اضافہ کا اعلان کیا ہے۔ نئے احکام 9رمارچ 2018 سے قابل اطلاق رہیں گے۔ نئے احکام کے تحت 300 کے لگ بھگ بیروزگار نوجوانوں کو فوری طور پر فائدہ پہونچے گا۔ صدرنشین ومینجنگ ڈائرکٹر سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹیڈ این بلرام نے بتایا کہ بیروزگار نوجوان 10 سال سے روزگار کے مواقع سے محروم ہوگئے تھے کیونکہ سابقہ بی آر ایس حکومت نے اس زمرہ کے تحت حدعمر میں کمی کردی تھی۔

بارش کے دوران مین ہول نہ کھولیں

سخت سزادی جائیگی، عوام کو جی ایچ ایم سی اور محکمہ آبرسانی کا انتباہ

حیدرآباد، 12رجون۔(ایس این بی) حیدرآباد میٹروپولیٹن واٹرسپلائی اینڈ سیوریج بورڈ نے پولیس کے ساتھ عوام کو بارش کے دوران مین ہول کے ڈھکن کھولنے اور پانی کی نکاسی کی کوشش کرنے کے خلاف خبردار کیا ہے اور بتایا ہے کہ جولوگ اس مشورہ کو نظرانداز کردیں گے ان کو سزادی جائے گی اور جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ عوام سڑکوں پر بارش کے پانی کی نکاسی کیلئے غالباً مین ہول کھولتے ہیں جس کے باعث ناخوشگوار حادثات پیش آتے ہیں۔ اور انسانوں اور جانوروں کے جانی نقصانات ہوتے ہیں۔ اگرکسی مین ہول کے ڈھکن کونقصان پہونچایا گیا، کھلا پایا گیا کسٹمر کیر نمبر 155313 کو کال کرتے ہوئے یا محکمہ آبرسانی کے قریبی دفاتر سے راست رابطہ قائم کرتے ہوئے شکایات کا اندراج کراسکتے ہیں۔

گورنمنٹ اسکولوں کو نیم رہائشی اسکول بنانے کا وعدہ

شام کے وقت اسنا کس کی بھی فراہمی کا ارادہ: ریونت ریڈی

حیدرآباد، 12رجون۔(نیوز کلب) چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے وعدہ کیا کہ تلنگانہ کے موجودہ گورنمنٹ اسکولوں کو نیم رہائشی اسکولوں میں بدل دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت چاہتی ہے کہ سرکاری اسکولوں کے طلبا وطالبات کو ناشتہ اور دوپہر کے کھانے کے علاوہ جس کی پہلے ہی سے فراہمی عمل میں لائی جارہی ہے شام کے وقت اسنا کس فراہم کرے۔ جبکہ دوپہر کے کھانے کی اسکیم دود ہے قبل شروع کی گئی تھی ناشتہ کی اسکیم کا گزشتہ اکتوبر میں آغاز کیا گیا تھا۔ چیف منسٹر امتحان ایس ایس سی کے ٹاپرس کو جنہوں نے گورنمنٹ اسکولوں سے 10 جی پی اے اسکور کیا ہے تہنیت پیش کرنے کیلئے منعقدہ تقاریب سے خطاب کررہے تھے جس کا اہتمام وندے ماترم فاؤنڈیشن کی جانب سے کیا گیا تھا۔

فصل قرضہ جات کی بہرصورت 15راگست تک معافی

جامع ڈاٹا تیار کرنے کیلئے عہدیداروں کو چیف منسٹر کی ہدایات

حیدرآباد، 12رجون۔(ایس این بی) اسمبلی انتخابات سے قبل کانگریس کے وعدہ کے مطابق فصل قرضہ جات کی کسی بھی صورت میں 15راگست تک معافی کو یقینی بنانے کی ضرورت ظاہر کرتے ہوئے چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ مکمل بنکوں اور پرائمری اگریکلچرل کوآپریٹیو سوسائٹیوں دونوں سے مکمل وصحیح معلومات حاصل کرتے ہوئے جوکسان 2 لاکھ روپے تک فصل قرضہ جات حاصل کئے ہیں ان کے تعلق سے جامع ڈاٹا کی تیاری عمل میں لائیں۔ محکمہ جات زراعت وامداد باہمی کے عہدیداروں کے ساتھ فصل معافی منصوبوں میں پیشرفت کے بارے میں جائزہ اجلاس کے دوران چیف منسٹر نے اس بات کی اہمیت ظاہر کی کہ تمام اہل کسانوں کی مزید تاخیر کے بغیر نشاندہی کی جائے اوراس بات کو یقینی بنایا جائے کہ ڈیڈلائن گزرنے نہ پائے۔

اسکول بسوں کیلئے فٹنیس سرٹیفکیٹ لازمی

آرٹی اے کی جانب سے انسپکشن کیلئے خصوصی مہم

قواعد کی خلاف ورزی پر بسوں کو ضبط کرلیا جائیگا

حیدرآباد، 12رجون۔(نیوز کلب) اب جبکہ شہر میں اسکولوں کے دوبارہ کھلنے کیلئے چند دن ہی باقی رہ گئے ہیں آرٹی اے کے عہدیدار سارے شہر میں خصوصی مہم چلانے اور اسکول بسوں کا معائنہ کرنے کیلئے تیاریاں کررہے ہیں تاکہ یہ دیکھا جائے کہ آیا کوئی بے قاعدگیاں تو نہیں کی جارہی ہیں۔ جبکہ بیشتر بسوں نے ان کے فٹنیس سرٹیفکیٹس کی تجدید کرالی ہے آرٹی اے حکام نے بعض بسوں کو مسترد کردیا ہے کیونکہ ان کی جانب سے شرائط کی تکمیل نہیں کی گئی تھی۔ قواعد کے نفاذ کی کوششوں کے ایک حصہ کے طور پر آرٹی اے کے عہدیدار اسکولوں کے دوبارہ آغاز کے ساتھ ہی محکمہ پولیس کے ساتھ تال میل کے ذریعہ خصوصی مہم شروع کرنے کا منصوبہ بنارہے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کا فیصلہ کیا گیا ہے کہ حیدرآباد میں کوئی بھی اسکول بس فٹنیس سرٹیفکیٹ کی تجدید اور حفاظت کی احتیاطی تدابیر کے بغیر نہ چلائی جائے۔ آرٹی اے قواعد کی خلاف ورزی پر بسوں کو ضبط کرلے گی۔ بھاری جرمانے عائد کئے جائیں گے اور اسکولوں کی نیک نامی واعتبار پر ناموافق اثرات مرتب ہوں گے۔

مفت کوچنگ برائے اقلیتی طبقات

حیدرآباد، 12رجون۔(ایس این بی) پروفیسر ایس۔ اے۔ شکور، ڈائرکٹر، CEDM کے بموجب محکمہ اقلیتی بہبود، حکومت تلنگانہ کے زیرسرپرستی مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات (CEDM) جامعہ عثمانیہ کی جانب سے TD-DEECET۔2024 اردومیڈیم کیلئے حسب ذیل مراکز پر 20رجون تا 6رجولائی 2024 مفت کوچنگ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ 1۔ مرکز تعلیمی ترقی برائے اقلیتی طبقات، نظام کالج حیدرآباد۔ 040-23210316، 2۔ گورنمنٹ، ڈائٹ، محبوب نگر 9440256850، 3۔ گورنمنٹ ہائی اسکول، ظہیرآباد 9493905206، 4۔ تبارک ہائی اسکول، حطی، نظام آباد 9032797803، 5۔ گورنمنٹ ہائی اسکول (جے سی) رکاسی پیٹ، بودھن 9848444816، 6۔ گورنمنٹ ہائی اسکول، اردو میڈیم، سواران، کریم نگر 8309785487، 7۔ گورنمنٹ ہائی اسکول، بالک مندر، عادل آباد 9652508526، 8۔ZPHS بھینسہ، نرمل 7396122428، 9۔ گورنمنٹ ہائی اسکول، اسریٰ کالونی، نرمل 9676177156۔ ایسے اقلیتی امیدوار جو TG-DEECET اردومیڈیم کیلئے رجسٹریشن کرواچکے ہیں۔ مفت کوچنگ کیلئے اپنا نام دو پاسپورٹ سائز فوٹوز اور آن لائن فارم کی نقل کیساتھ ان مراکز پر 12رجون سے 19رجون تک رجسٹرڈ کرواسکتے ہیں۔

گورنمنٹ آف تلنگانہ
موسی ریور فرنٹ ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ
نمبر 01/SE/MRDCL/2024-25 ٹنڈر نوٹس بتاریخ: 11-06-2024
کام کا نام: موسی ندی پر موجودہ پلوں کے تمام عناصر کی موجودہ حالت اور ساختی استحکام کا جائزہ لینے اور ضروری مرمتوں کی بحالی اور ضروری سروے کے ساتھ مضبوطی کے ڈیزائن، تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ (ڈی پی آر) کی تیاری کیساتھ ساتھ مقدار کے بل کی تجویز کی درخواست (BOQ) اور ٹینڈر دستاویزات اور MRDCL کے دائرہ اختیار میں موسی ندی پر موجودہ پلوں کی ڈرائنگ۔ قطعی تاریخ 26-06-2024 وقت 4:30 بجے دن مزید تفصیلات کیلئے https://tender.telangana.gov.in رابطہ نمبر: 9701365504
شرحدستخط: سپرنٹنڈنگ انجینئر، ایم آر ڈی سی ایل، حیدرآباد۔ R.O.No.42-PP/CL/AGENCY/ADVT/1/2024-25

GHMC گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن
سرکل۔2، اپل مورخہ: 12-06-2026

این آئی ٹی نمبر	کام کا نام	تخمینی لاگت	تاریخ آغاز رسید اخذ کرنے کی قطعی تاریخ	دفتر کا نام اور پیفون نمبر
ٹنڈر نوٹس نمبر 02/EEC-2/UPL /GHMC/2024-25 Dated : 12-06-2024	وارڈ نمبر 7، چلکا نگر، اپل ڈویژن، جی ایچ ایم سی حدود میں سری نگر کالونی، دھرما پوری کالونی، سائی رام نگر، ملیکا رجنا نگر، نیو رام نگر ودیگر کالونیوں میں کھلے نالوں پر میش اور پری کاسٹ بلاکس کی فراہمی پانچ کام۔ اپل سرکل۔2 جی ایچ ایم سی کیلئے فولڈ ایبل بیریکیڈنگ اسٹینڈ اور خطرہ کے بورڈ کی تیاری، سپلائی اور ڈیلیوری۔	51.80 لاکھ روپے	15-06-2024 04:00 بجے دن	شری ایل ناگیندر، ایگزیکیٹیو انجینئر، اپل ڈویژن نمبر 2 جی ایچ ایم سی

مزید تفصیلات کیلئے ای پروکیورمنٹ ویب سائیٹ https://tender.telangana.gov.in@ پر ملاحظہ کریں۔ ایگزیکیٹیو انجینئر، سرکل۔2، اپل، جی ایچ ایم سی
R.O.No.487-PP/CL/ADVT/1/2024-25

محنت سے کمایا ہوا مال کفایت شعاری سے خرچ کیا جائے

رہبر فاؤنڈیشن وصفا بیت المال سے 15 لاکھ مالیتی ٹھیلہ بنڈیوں کی تقسیم، مولانا غیاث احمد رشادی کا خطاب

حیدرآباد، 12رجون۔(ایس این بی) عقلمند ہے وہ تاجر جو محنت سے کمایا ہوا مال کفایت شعاری کے ساتھ ضرورت کے مطابق خرچ کرتا ہے۔ فضول خرچی اور نام ونمود کے لیے بے دریغ خرچ کرنے والے تاجر کی معیشت مضبوط نہیں بلکہ کھوکھلی ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار مولانا غیاث احمد رشادی صدر صفا بیت المال انڈیا نے 12 جون کو شہر گلبرگہ میں رہبر فاؤنڈیشن اور صفا بیت المال کے اشتراک سے ایک سو چھوٹے کاروباریوں میں پندرہ لاکھ روپے مالیتی ایک سوٹھیلہ بنڈیوں کی تقسیم کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر مولانا نذیر احمد رشادی صدر صفا بیت المال شاخ گلبرگہ نے کہا کہ مکمل سروے اور مستحق افراد کی تحقیق وتفتیش کے بعد ان بنڈیوں کی تقسیم عمل میں آئی۔ اس موقع پر 100 افراد میں 100 ٹھیلہ بنڈیاں مع درج ذیل اشیاء دی گئیں۔ کئی قسم کے مشترکہ فروٹس کی اشیاء پر مشتمل 54 ٹھیلہ بنڈیاں، مختلف سبزیوں کیساتھ 21 ٹھیلہ بنڈیاں، ناریل پانی پر مشتمل 3 بنڈیاں، چائے کی دکان کے سامان پر مشتمل 4 بنڈیاں، پلاسٹک کے سامان پر مشتمل 4 بنڈیاں اور موز (کیلے) سے لدی ہوئی 7 بنڈیاں، اس طرح کئی قسم کی اجناس اور تجارتی سامان پر مشتمل 100 ٹھیلہ بنڈیوں کی تقسیم مولانا غیاث احمد رشادی صاحب صدر صفا بیت المال کی راست نگرانی اور مولانا نذیر احمد رشادی صاحب کی توثیق سے رہبر فاؤنڈیشن اور صفا بیت المال کے زیراہتمام عمل میں آئی۔ اس موقع پر ان خدمات کو انجام دینے کیلئے صفا بیت المال انڈیا کی ٹیم حیدرآباد سے آئی ،جس میں مسلم انصاری صاحب، خواجہ پاشا صاحب ،عبدالماجد صاحب، عبدالوحید صاحب اور معراج صاحب شامل ہیں۔ مقامی طور پر مولانا غوث الدین صاحب، مولانا شفیق قاسمی، مولانا عبدالواحد رشادی چاندان، مولانا مخدوم محی الدین صاحب، اللہ بخش صاحب، حافظ معراج اور مفتی شہباز وغیرہ موجود تھے۔